## سوال

(946) خود کو اہلحدیث کہلانا درست ہے یا مسلمین

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اپنے آپ کو اہل حدیث کہلانا درست ہے جب کہ قرآن پاک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے : هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِينَ مدلل جواب تحریر فرمائیں۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ (حافظ خوشی محمد و حافظ عبدالرحمن ضلع اوکاڑہ) (۱۱ ستمبر ۱۹۹۸ئ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت کے ساتھ مخلصانہ وابستگی کی بناء پر اہل حدیث نام کے اطلاق کا جواز ہے۔

’لَا مشَاحَةَ فِي الاصْطِلَاحِ ۔‘

کئی ایک محدثین عمل بالحدیث کی بناء پر اہل بدعت سے بالمقابل اس لقب سے موسوم تھے۔ تفصیل کیلیے ملاحظہ (کتاب شرف اصحاب الحدیث)

قرآن میں المسلمین بطورِت سمیہ صفت بیان ہوا ہے جس سے اَلْحَمْدُلِلّٰہِ جملہ مسلمان متصف ہیں۔ ورنہ تو لازم آئے گا حافظ عبدالغفور نام رکھنا بھی ناجائز ہو جس کا کوئی بھی قائل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد : 3، متفرقات : صفحہ : 653**

محدث فتویٰ